غیر حاضری اور تعطیلات کے قواعد

پارلیمنٹ نے فولکے سکول میں تعلیم سے طلباء کی غیر حاضری سے متعلق قانون کو سخت کردیا ہے۔

یہ نئے قواعد 1 جنوری 2020 سے لاگو ہوں گے۔

بلیغوپ بلدیہ میں ، ہم سب سے اوّلین طور پر سکول میں طلباء کی حاضری متعلق مشغول ہیں۔ ہم جو کچھ بھی کر سکتے ہیں اسے جاری رکھیں گے تا کہ طلباء کی کم سے کم غیر حاضری کو یقینی بنایا جا سکے۔ تاہم ، بدلے ہوئے قواعد کا مطلب یہ ہے کہ ہم کچھ معاملات میں اپنا طرز عمل تبدیل کرینگے ، کیوں کہ اب غیر حاضری میں اضافہ کے معاشی نتائج برآمد ہوں گے۔

غیر حاضری کی تعریف

غیرحاضری کی دو قسموں میں فرق ہے: قانونی اور غیر قانونی غیر حاضری

قانونی طور پر غیر حاضری:

- بیماری
- معذوری
- وضاحت (udredning)
- ڈاکٹر کے ہاں جانا

نوٹ کریں کہ خصوصی صورتِ حال میں سکول کا سربراہ غیر حاضری کے ثبوت کے طور پر میڈیکل سرٹیفکیٹ طلب کرسکتا ہے ۔ اس سرٹیفکٹ کی ادائیگی بلدیہ کرتی ہے۔

غیر قانونی غیرحاضری:

- بلا جواز غیر حاضری
- گھر سے سکول کو اطلاع دیئے یا طے کئے جانے کے بغیر غیر حاضری
- بغیر اجازت غیر حاضری- غیر معمولی چھٹی کی صورت میں

عمومی اصول کے طور پر سکول کو ہر قسم کی غیر حاضری سے آگاہ کرنا ضروری ہے ، اور غیر معمولی چھٹیاں کرنے کے لئے سکول کی اجازت درکار ہوتی ہے۔

غیر معمولی تعطیلات کے لئے درخواست

ایک نئی چیز یہ ہے کہ اگر سکول نے اجازت نہ دی ہو تو سکول کی تعطیلات سے باہر تعطیلات یا چھٹی کا دن منانے کو بھی غیر قانونی غیر حاضری سمجھا جاتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ طالب علم کو سکول کی چھٹیوں سے باہر چھٹی لینی ہو تو والدین نے لازمی طور پر اجازت کی درخواست دینا ہوگی۔

درخواست کے لئے قواعد:

- اگر لگاتار دو دن سے زیادہ چھٹی کرنی ہو تو آپ کو چھٹی کے لئے درخواست دینی ہوگی۔
- والدین نے لازمی طور پر درخواست فارم بھرنا ہوگا
- درخواست سکول میں پیڈاگوگی سربراہ کے حوالے کرنی ہوگی۔ یہاں پہ سکول کے سربراہوں کا ایک جائزہ دیکھیں
- درخواست کی آخری تاریخ چھٹوں سے 14 دن پہلے ہے۔

پیڈاگوگی سربراہ انفرادی درخواست کا ٹھوس تخنینہ لگائے گا۔ اس تخمینہ میں طالب علم تعلیمی ، معاشرتی اور پھلنے پھولنے کی صورتحال شامل ہے۔

غیر قانونی غیر حاضری کے نتائج

نئے قواعد کا یہ مطلب بھی ہے کہ اگر بچے کی سکول سے غیرقانونی غیر حاضری کی تعداد زیادہ پائی جاتی ہے تو اس کے نتائج ہوں گے۔ سال کی ہر چوتھائی میں غیر حاضری کا حساب کتاب کیا جاتا ہے۔

ہر سہ ماہی میں 10 % غیر حاضری

غیر حاضری کا ایک سہ ماہی میں ایک بار حساب کتاب لگایا جاتا ہے۔

اگر ایک چوتھائی کے دوران بچے کی غیرقانونی غیرحاضری 10% ہو، تو والدین کو سکول میں بات چیت کے لئے بلایا جاتا ہے۔

اس بات چیت کا مقصد والدین کے ساتھ مل کر عمل درآمد منصوبہ تیار کرنا ہوتا ہے تاکہ غیر حاضری میں کمی واقع ہو۔

ایک سہ ماہی میں 15 فیصد سے زیادہ غیر حاضری

اگر ایک سہ ماہی کے دوران بچے کی غیر قانونی غیر حاضری15 فیصد سے زیادہ ہو تو ، سکول کے سربراہ پر کا فرض ہے کہ وہ بیلغوپ بلدیہ میں بچوں – و نوجوانوں کی مشورت کو رپورٹ کرے۔

اس رپورٹ کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خاندان ایک چوتھائی کے لئے بچے - اور نوجوانوں کا الاؤنس کھو دیتا ہے۔

نوٹ کریں کہ مختلف سہ ماہیوں میں سکول کے دنوں کی تعداد میں فرق ہے :

مثال 1 - 2020 پہلی چوتھائی میں اتنے سکول کے دن 15 فیصد غیر حاضری کے مساوی ہیں:

2020 کی پہلی چوتھائی جنوری سے مارچ تک سکول کے دنوں کی تعداد: 59 دن ہیں۔

یہاں اس بات کو مدنظر رکھا گیا ہے کہ کرسمس کی تعطیلات کے بعد سکول 2 جنوری کو شروع ہوتا ہے ، اور سکول میں ایک ہفتہ موسم سرما کی تعطیلات ہوتی ہیں۔

سکول کے 59 دنوں کا 15 %: 8,85 دن بنتے ہیں۔

اس چوتھائی میں اگر طالب علم کی غیر قانونی غیر حاضری 9 دن ہو تو یہ 15 % بنتی ہے۔

مثال 2 - 2020 دوسری چوتھائی میں اتنے سکول کے دن 15 % غیر حاضری کے مساوی ہیں:

2020 کی دوسری چوتھائی اپریل سے جون تک سکول کے دنوں کی تعداد: 52 دن ہیں۔

یہاں اس بات کو مدنظر رکھا گیا ہے کہ ہفتہ نمبر 15 میں ایسٹر کی چھٹیاں، سٹؤر بید ڈے، کرسٹی ہمل فارٹ ڈے، پینٹس اور یوم آئین (påskeferie i uge 15, St. Bededag, Kr. Himmelfartsdag, Pinse og Grundlovsdag) کی چھٹیاں ہوتی ہیں۔

سکول کے 52 دنوں کا 15 %: 7,8 دن بنتے ہیں۔

اس چوتھائی میں اگر طالب علم کی غیر قانونی غیر حاضری 8 دن ہو تو یہ 15 % بنتی ہے۔

مزید معلومات

غیرحاضری کے نئے قواعد کے بارے میں آپ یہاں مزید پڑھ سکتے ہیں:

- پرائمری اسکول میں غیر موجودگی کے متعلق نئے اصول یہ ہیں: پرائمری سکول میں بچوں کے والدین کے لئے رہنمائی۔
- اگر آپ نے کوئی سوالات کرنے ہوں تو، سکول میں بچے کے پیڈاگوگی سربراہ سے رابطہ کریں۔ آپ کو یہاں سکول کے رہنماؤں کا ایک جائزہ مل جائے گا۔